ہمارے لئے اللہ ہی کافی ہے اور وُہی سب سے بہتر مددگار ہے القرآن

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ☆ ABC CERTIFIED

★★★★★★ اسلام آباد، راولپنڈی، ملتان، مظفرآباد، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا موثر ترین قومی اخبار 2331689-90 ☎

چیف ایڈیٹر: سردار خان نیازی

روزنامہ پاکستان اسلام آباد

THE DAILY PAKISTAN ISLAMABAD

جلد: 34 | جمعۃ المبارک 7 نومبر 2025ء، 15 جمادی الاول 1447ھ، 24 کاتک 2082ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 185

وفاقی محتسب کی ٹیم کا شکایات ازالے کیلئے دورہ امیگریشن آفس

وفاقی محتسب کی ہدایت پر آن لائن پروٹیکٹر اسٹیمپ بھی لگائی جارہی، ٹیم کو بریفنگ

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پروٹیکٹر آف امیگرینٹس آفس کے خلاف شکایات کا جائزہ لینے کے لئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں کنسلٹنٹ خالد سیال اور انوسٹی گیشن آفیسر جمیل احمد پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم گزشتہ روز پروٹیکٹر آف امیگرینٹس آفس اسلام آباد بھیجی جس نے دفتر کا دورہ کر کے شکایت کنندگان سے ملاقات اور محکمے کے اعلیٰ افسران کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران شکایات اور محکمے کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ ٹیم نے اپنے دورے کی ابتدائی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کر دی ہے۔ وفاقی محتسب نے ہدایت کی ہے کہ محکمے کی طرف سے فراہم کردہ سہولیات کے بارے میں آگاہی مہم چلانے کے ساتھ ساتھ اس کے پوسٹر اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں اپنے تمام دفاتر میں نمایاں انداز میں آویزاں کرے۔ وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے اپنے گزشتہ دورے کے دوران ہدایت کی تھی کہ بیرون ملک ملازمت کے لئے جانے والے پاکستانی شہریوں کا شناختی کارڈ جس ضلع سے بھی ہو، وہ ملک بھر کے جس علاقائی دفتر میں بھی جائیں ان کے پاسپورٹ پر پروٹیکٹر اسٹیمپ لگائی جائے نیز آن لائن بھی یہ سہولت فراہم کی جائے۔ معائنہ ٹیم کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ وفاقی محتسب کی ہدایت پر اب آن لائن پروٹیکٹر اسٹیمپ بھی لگائی جارہی ہے اور اب تک 45 ہزار سے زائد شہری یہ سہولت حاصل کر چکے ہیں۔ ٹیم کو بتایا گیا کہ اس دفتر میں جو بھی شہری رجسٹریشن کے لئے آتا ہے، دو گھنٹوں کے اندر تمام عمل مکمل کر کے اسے فارغ کر دیا جاتا ہے۔ ٹیم کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ محکمے نے ڈیتھ کلیم کی مد سے 2025 کے دوران اب تک 786 کیسوں میں 785.4 ملین روپے ادا کئے ہیں جب کہ معذور ہونے والے 219 افراد کو رواں برس کے دوران 252 کیسوں میں 81.2 ملین روپے ادا کئے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ پروٹیکٹر آف امیگرینٹس آفس کی بنیادی ذمہ داری بیرون ملک ملازمت کے لئے جانے والے پاکستانیوں کی ملازمت اور ان کے حقوق کا تحفظ ہے جس کے لئے بیرون ملک جانے والوں کی رجسٹریشن کر کے ان کے پاسپورٹ پر پروٹیکٹر آفس کی اسٹیمپ لگائی جاتی ہے۔ ٹیم نے دفتر کے مختلف شعبہ جات کا دورہ بھی کیا اور دفتر میں صفائی، عملے کے طرز عمل اور کارکردگی کو سراہتے ہوئے بیرون ملک جانے والے پاکستانیوں کو مزید سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ ٹیم نے پروٹیکٹر اسٹیمپ کے لئے اسلام آباد آفس آنے والے شہریوں سے بھی ملاقات کی، جنہوں نے محکمے کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وفاقی محتسب نے راولپنڈی دفتر میں آنے والوں کو بھی بہتر سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔

اسلام آباد، وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کو پروٹیکٹر آف امیگرینٹس آفس دورے کے موقع پر بریفنگ دی جارہی ہے

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا اسلام آباد ائیرپورٹ کا دورہ کر رہی ہے۔

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا اسلام آباد ائیرپورٹ کا دورہ

پبلک کی شکایات اور مسائل کا فوری نوٹس اور مختلف محکموں کی کارکردگی کا جائزہ

اسلام آباد (کامرس نیوز) وفاقی محتسب اعجاز
احمد قریشی نے اسلام آباد ائیرپورٹ کے خلاف شکا
یات کا نوٹس لیتے ہوئے ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ریٹائر
ڈ (ہارون سکندر پاشا کی سربراہی میں وفاقی محتسب
کے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے شکایات کمشنر
ڈاکٹر انعام الحق جاوید اور کنسلٹنٹ پروین حلیم
راجپوت پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم گزشتہ روز اسلام
آباد ائیرپورٹ بھیجی۔ ٹیم نے ائیرپورٹ پر قومی و بین
الاقوامی لاؤنج، Luggage Area، وفاقی محتسب

باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42

ماحولیاتی آلودگی کیلئے وفاقی محتسب کا خوش آئند اقدام

وفاقی محتسب کی ہدایت پر ای پی اے اور ضلعی انتظامیہ نے ایس او پیز تیار کردیئے

اسلام آباد (کامرس نیوز) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر پاکستان تحفظ ماحولیات ایجنسی (ای پی اے) اور اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ نے گاڑیوں کی ماحولیاتی چیکنگ اور کلیرنس کے لئے ایس او پیز تیار کر کے وفاقی محتسب کو رپورٹ دے دی ہے۔ ایس او پیز کے مطابق گاڑیوں کا دھواں اور کاربن ماحولیاتی آلودگی کا بنیادی سبب ہے جو انسا

باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم
5 نومبر کو پروٹیکٹر آف
امیگرینٹس آفس کا دورہ کریگی

اسلام آباد (کامرس رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پروٹیکٹریٹ آف امیگرینٹس آفس کے خلاف بدانتظامی کی شکایات کا از خود نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے سینئر ایڈوائزر

باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40